PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 26فروری 2025

آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں الیکشن کمیشن کے فل بینچ نے کیس کی سماعت کی۔

پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے چیف سیکرٹری پنجاب اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔

سماعت سے پہلے چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیئے کہ آئین کے آرٹیکل 140(A)(2) 219(d)اور الیکشنز ایکٹ کی دفعہ 219 کے تحت الیکشن کمیشن وفاق اور صوبوں میں لوکل گورنمنٹس انتخابات کروانے کا پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ بد قسمتی سے کوئی بھی صوبائی حکومت بلدیاتی انتخابات کروانے کے لئے تیار نہیں ہوتی۔ جب بھی الیکشن کمیشن اپنی تیاریاں مکمل کرلیتا ہے تو متعلقہ صوبائی حکومتیں قوانین میں ترامیم کردیتی ہیں جس کی وجہ سے الیکشن کمیشن کو تمام الیکشن کا عمل دوبارہ شروع کرنا پڑتا ہے۔ تین صوبوں اور کنٹونمنٹ میں انتہائی جدوجہد کے بعد الیکشن کمیشن بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں کامیاب ہوا۔ بروقت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد صوبوں کی ذمہ داری ہے۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے سماعت کے دوران الیکشن کمیشن کی معاونت کرتے ہوئے بتایا کہ مختلف اوقات میں اس وقت کی صوبائی حکومتوں نے صوبہ میں پانچ (5) مرتبہ انتخابی قوانین تبدیل کئے۔ الیکشن کمیشن نے انتخابات کے لئے تین (3) دفعہ حلقہ بندیاں کیں۔ دو (2) دفعہ الیکٹورل گروپس کی Enlistment کی اور اسکے علاوہ بلدیاتی انتخابات کے شیڈول دینے کے باوجود صوبہ میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کا انعقاد ممکن نہ ہوسکا۔

سماعت کے دوران چیف سیکرٹری پنجاب نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ موجودہ صوبائی گورنمنٹ نے حکومت سنبھالتے ہی لوکل گورنمنٹ ایکٹ پر کام شروع کردیا تھا۔ کیونکہ تمام سٹیک ہولڈرز کا فیڈبیک ضروری ہوتا ہے۔ لہذا اب لوکل گورنمنٹ ایکٹ کا حتمی مسودہ پنجاب اسمبلی میں ضروری قانون سازی کے لئے بجھوا دیا گیا ہے جونہی قانون سازی کا عمل مکمل ہوتا ہے تو قانون کے تحت رولز بھی بنا دیئے جائیں گے۔ صوبائی حکومت الیکشن کمیشن کی صوبہ میں انتخابات کے انعقاد کے لئے ہر قسم کی معاونت کے لئے بھی تیار ہے۔

الیکشن کمیشن نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت پنجاب قانون سازی کا عمل فوری مکمل کرے تاکہ الیکشن کمیشن قانون کے تحت فوری حلقہ بندی کا عمل شروع کرے اور صوبہ میں فوری انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنائے۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING